# 18-12-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی آر نے وزیراعلیٰ سے مطالبہ کیا ہے کہ فارمولا ای ریس میں مبینہ بے قاعدگیوں کے تعلق سے اسمبلی میں مباحث کرائے جائیں۔

۲۔ریاستی اسمبلی میں آج ریکارڈ کے حقوق سے متعلق بھوبھرتی قانون کو متعارف کرایا گیا۔

۳۔ریاست کے وزیر صحت داموردر راج نرسمہا نے عوام کو یقین دلایا کہ ہائی کورٹ کا باریکی سے جائزہ لیتے ہوئے تلنگانہ کے طلبہ کے ساتھ انصاف کیا جائے گا۔

اور

۴۔ریاستی کانگریس لیڈرس نے منی پور فسادات اور گوتم اڈانی کے معاملہ میں مرکزی حکومت کے خلاف چلوراج بھون کے نام سے ریالی نکالی۔

○○

ضلع عادل آباد میں گزشتہ دودن کے دوران اقل ترین درجہ حرارت 6.7 ڈگری سلسیس ریکارڈ کیا گیا۔محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج یہ بات بتائی۔ موسمیات کے دفتر نے اپنی روزآنہ کی رپورٹ میں کہا ہے کہ ریاست بھر میں کل اور پرسوں مختلف مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا بوندا باندی ہوسکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے اضلاع عادل آباد،اور میدک میں مختلف مقامات پر سردی کی لہر برقرار رہی۔

○○

ریاستی کانگریس لیڈرس نے منی پور فسادات سے نمٹنے میں ناکامی پر اور صنعتکار گوتم اڈانی سے متعلق مبینہ مالی بے قاعدگیوں کے تحت آج چلوراج بھون کے نام سے ایک بڑی ریالی نکالی۔صدر پردیش کانگریس کمیٹی مہیش کمار گوڑ کی زیر قیادت یہ ریالی نکلس روڈ پر واقع مجسمہ اندرا گاندھی سے شروع ہوئی اور راج بھون کے قریب پہنچ کر ختم ہوئی۔اس احتجاج میں وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی، ان کے نائب بھٹی وکرامارکہ، مختلف وزراء، ارکان اسمبلی، ارکان کونسل اور سینئر پارٹی لیڈرس نے حصہ لیا۔احتجاجیوں نے اس موقع پر مرکزی حکومت کے خلاف نعرے بازی کی اور منی پور فسادات پر مرکز کے موقف کی مذمت کرنے کے علاوہ اڈانی گروپ معاملہ میں تفصیلات ظاہر کرنے کا مطالبہ کیا۔کانگریس کے لیڈرس نے مرکزی حکومت سے یہ مطالبہ بھی کیا کہ منی پور کے عوام کی شکایات کا ازالہ کیا جائے اور اِس بات کو یقینی بنایا جائے کہ تحقیقات کے ذریعہ اڈانی گروپ کی جانب سے کی گئی مبینہ مالی بے قاعدگیوں کو سامنے لایا جائے۔

○○

ریاست کے وزیر مالی سرینواس ریڈی نے آج قانون ساز اسمبلی میں بھوبھرتی حقوق کے ریکارڈ 2024ء قانون کو متعارف کرایا۔یہ قانون طویل عرصہ سے زیر التوا زمینات کے تنازعات کو حل کرنے، زمینات کے حقوق کا تحفظ اور ریونیو نظام پر نظر ثانی کرتے ہوئے کسانوں اور زمینداروں کو فائدہ پہنچانے کے لئے لایا گیا ہے۔وزیر نے اپنے خطاب میں اِس قانون کو ایک تاریخی سنگ میل قرار دیا۔بھوبھرتی 2024ء قانون سے توقع ہے کہ ریونیو نظام کو مستحکم بنانے کے علاوہ رشوت کے خاتمہ اور زمینات کے جھگڑوں کو شفاف طریقہ سے حل کرنے میں مدد ملے گی۔سرینواس ریڈی نے پیشرو حکومت کی جانب سے شروع کردہ مذکورہ قانون اور اس کے دھرانی پورٹل کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ اس سے قبائلی اور دیہی علاقوں میں

رہنے والوں کو کافی مشکلات پیش آئیں۔ وزیر کے مطابق دھرانی پورٹل نہ صرف کسانوں کو درپیش زمینات کے جھگڑوں کی یکسوئی میں ناکام رہا بلکہ کسانوں کو اِس بات پر مجبور ہونا پڑا کے قانون کا سہارا لیا جائے گا۔ وزیر سرینواس ریڈی نے اِس امید کا اظہار کیا کہ اِس نئے قانون سے کم از کم ایک صدی کے لئے تلنگانہ میں صورتحال بہتر ہوگی۔

○○

بی آر ایس پارٹی کی ایم ایل سی کویتا نے موسیٰ ندی کو خوبصورت بنانے کے پروجکٹ میں شفافیت کے فقدان اور مبینہ بے قاعدگیوں پر حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ اسمبلی کے احاطہ میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کویتا نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پر بھی الزام عائد کیا کہ وہ تلنگانہ اور حیدرآباد کو ورلڈ بینک کے حوالہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ کویتا نے اِس بات پر بھی تنقید کی کہ حکومت، موسیٰ ندی پروجیکٹ کے تعلق سے عالمی بینک کو تجاویز روانہ کررہی ہے، جبکہ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ترقی کے بہانے مختلف رئیل اسٹیٹ وینچرس کی خاطر حکومت، موسیٰ ندی کے آس پاس رہنے والے غریبوں کی زمینات کو ہڑپ لینے کیا منصوبہ رکھتی ہے۔

○○

بھارت راشٹر سمیتی کے ارکانِ اسمبلی اور ارکانِ کونسل نے آج ایم ایل اے کوارٹر سے اسمبلی تک آٹو رکشاؤں میں سفر کرتے ہوئے انوکھا احتجاج کیا۔ اِس احتجاج کا مقصد 8 لاکھ آٹو ڈرائیوروں سے انتخابی مہم کے دوران کانگریس پارٹی کی جانب سے کئے گئے وعدوں پر فوری طور پر عمل کرنے کو یقینی بنانے کے لئے دباؤ ڈالنا تھا۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے آٹو ڈرائیوروں کے تعلق سے اپنے وعدوں کو بھول جانے پر ریاستی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ تلنگانہ میں 93 آٹو ڈرائیوروں کی جانب سے خودکشی کے واقعات پیش آئے تاہم اس کے باوجود حکومت کے کان پر جوں نہیں رینگی۔ کے ٹی آر نے حکومت پر زور دیا کہ اپنے وعدے کے مطابق آٹو ڈرائیوروں کو 12 ہزار روپے کی مالی امداد دینے کو جلد سے جلد یقینی بنایا جائے۔

○○

مرکزی وزیر و ریاستی بی جے پی صدر کشن ریڈی نے این ڈی اے حکومت کی جانب سے وزیراعظم نریندر مودی کی زیرقیادت ملک کی علاقائی زبانوں کو فروغ دینے سے متعلق عزائم کو اجاگر کیا۔ نئی دہلی میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کشن ریڈی نے مرکز کی جانب سے کئے جانے والے مختلف اقدامات کا تذکرہ کیا جن کے ذریعہ ملک کی لسانی یکجہتی کو مضبوط بنایا جارہا ہے۔ کشن ریڈی نے یہ بات نوٹ کی کہ ہندوستان، اپنی تہذیبی ولسانی شعبہ میں ایک غیر متوازن موقف رکھتا ہے جیسا کہ ملک بھر میں 121 زبانیں بولی جاتی ہیں۔ کشن ریڈی کے مطابق زبانیں، ملک کی تہذیب، ثقافت اور معلومات کا ایک ذخیرہ ہیں۔

○○

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ مرکز نے گزشتہ 10 سال کے دوران اقلیتوں سمیت غریبوں کے معیارِ زندگی کو بلند کیا ہے۔ نئی دہلی میں آج قومی کمیشن برائے اقلیتی تعلیمی ادارہ جات کے 20 ویں یوم تاسیس سے خطاب کرتے ہوئے پردھان نے کہا کہ حکومت اپنے مقاصد سب کا ساتھ، سب کا وکاس پر عمل پیرا ہے جبکہ ہر شہری کو اس کے پس منظر پر توجہ دیئے بغیر حکومت جوابدہ رہی ہے۔

○○

راشٹر پتی نیلائم، بولارم، سکندرآباد میں 29 دسمبر سے اودیان اتسو کے نام سے 15 روزہ ایک پھولوں اور پھلوں کا پروگرام منعقد کیا جائے گا۔ یہ پروگرام فطرت، ماحولیات کے تحفظ اور عوامی شرکت کے ذریعہ منعقد ہوگا۔ عوام کو اس پروگرام کے ذریعہ زراعت اور باغبانی کے فروغ کے لئے تکنالوجی اور اختراعی باتوں سے واقف ہونے کا موقع ملے گا۔ اس پروگرام کے دوران مختلف اسٹالس لگائے جائیں گے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اودیان اتسو کے کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے آنے والو کے مرکز پرمٹی کیفے کے نام سے ایک اسٹال اور ایک دوکان کا افتتاح کیا۔ یہ پروگرام محکمہ زراعت، بہبود کسان اور نیشنل انسٹیٹیوٹ آف اگریکلچرل مینجمنٹ کی جانب سے منعقد کیا جائے گا۔

○○

بی آر ایس پارٹی کے کارگذار صدر کے ٹی راماراؤ نے ریاستی وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو ایک کھلا خط روانہ کرتے ہوئے فارمولا ای ریس میں پائی جانے والی مبینہ بے قاعدگیوں کے تعلق سے اسمبلی میں مباحث کرانے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے اپنے خط میں کانگریس حکومت پر الزام عائد کیا کہ وہ جھوٹا پروپگنڈی پھیلا رہی ہے جبکہ انہوں نے سی ایم پر زور دیا کہ اسمبلی میں شفاف مباحث کے ذریعہ حقائق کو سامنے لایا جائے۔ کے ٹی آر کے مطابق کانگریس حکومت، پیشرو بی آر ایس حکومت کے خلاف بے بنیاد الزامات عائد کر رہی ہے اور خاص طور پر فارمولا ای ریس کے معاملہ پر خود انہیں نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ راماراؤ نے حکومت کو چیالنج کیا کہ اس معاملہ کو عوام کے سامنے لایا جائے جبکہ انہوں نے فارمولا ای ریس منعقد کرنے سے متعلق بی آر ایس حکومت کے فیصلہ کا دفاع کیا۔

○○

فلم پروڈیوسر وینکٹ رمنا ریڈی نے جو دل راجو کی حیثیت سے مشہور ہیں، حیدرآباد میں آج تلنگانہ فلم ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے چیرمین کی حیثیت سے جائزہ حاصل کرلیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ تلنگانہ میں زیادہ سے زیادہ فلموں کی شوٹنگ ہو جبکہ تلنگانہ سے تعلق رکھنے والی فلموں کی تشہیر کو ترجیح دی جائے گی۔

○○

محکمہ اسکولی تعلیم نے آج بتایا کہ ان تمام طلبہ کے لئے جنہوں نے تلنگانہ ٹیچر اہلیتی ٹسٹ (ٹی جی ٹی ای ٹی۔ 2024ء)II کے لئے درخواستیں داخل کی ہیں، 2 جنوری سے 20 جنوری تک 20 سیشنوں کے دوران آن لائن امتحانات منعقد کئے جائیں گے۔ امتحانات کے شیڈول کی تفصیلات ویب سائٹ schooledu.telangana.gov.in سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

○○

ریاست کے وزیر صحت دامودر راج نرسمہا نے میڈیکل پی جی سیٹوں پر داخلہ سے متعلق ہائی کورٹ کے فیصلہ پر اظہار خیال کیا اور عوام کو یقین دلایا کہ عدالت کے اس فیصلہ کا باریکی سے جائزہ لیا جائے گا اور تلنگانہ سے تعلق رکھنے والے طلبہ کے ساتھ کسی بھی طرح کی ناانصافی نہیں کی جائے گی۔ نرسمہا نے اِس بات کو دہرایا کہ حکومت، مقامی طلبہ کے مفادات کا تحفظ کرنے کے لئے پرعزم ہے جبکہ اس بات کو بھی یقینی بنایا جائے گا کہ مقامی طلبہ کو پی جی سیٹوں پر داخلہ کا حق ملے۔ سوشیل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر انہوں نے کہا کہ حکومت نے جی او نمبرات 148، 149 کو متعارف کراتے ہوئے اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ تلنگانہ میں تعلیم حاصل کرنے والے غیر مقامی طلبہ، 15 فیصد عدم تحفظ کوٹہ کے تحت پی جی کورس میں داخلہ کے لئے اہل نہیں ہوں گے۔